روزنامہ

(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 2/اپریل 2011ء27ربیع الثانی 1432ہجری 2شہادت 1390ہش جلد 61-96 نمبر 74

فرشتوں کی مبارکباد

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا:۔ اللہ عزوجل نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کرنے سے ایک ہزار سال قبل سورۃ ''طٰہٰ اور یٰسٓ'' پڑھی تو فرشتے سن کر کہنے لگے ''اس امت کیلئے مبارک ہو جس پر یہ سورتیں نازل ہوں گی اور مبارک ہو ان سینوں کیلئے جو اس کلام کو یاد کریں گے اور مبارک ہو ان زبانوں کے لئے جو اس کی تلاوت کیا کریں گی۔''

(سنن الدارمی۔ کتاب فضائل القرآن، باب فی فضل سورۃ طٰہٰ و یٰسٓ حدیث نمبر3280)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن حکیم ہے یعنی حکمت سے بھرا ہوا ہے۔ راہ راست کی تمام منازل طے کرادیتا ہے اور ذکر للعالمین ہے یعنی ہر ایک قسم کی فطرت کو اس کے کمالات مطلوبہ یاد دلاتا ہے اور ہر یک رتبہ کا آدمی اس سے فائدہ اٹھاتا ہے جیسے ایک عام ویسا ہی ایک فلسفی۔ یہ اس شخص کے لئے اترا ہے جو انسانی استقامت کو اپنے اندر حاصل کرنا چاہتا ہے یعنی انسانی درخت کی جس قدر شاخیں ہیں یہ کلام ان سب شاخوں کا پرورش کرنے والا اور حد اعتدال پر لانے والا ہے اور انسانی قویٰ کے ہر یک پہلو پر اپنی تربیت کا اثر ڈالتا ہے۔ کوئی صداقت اس سے باہر نہیں۔ اس کی تعلیمیں بصیرت بخشتی ہیں اور ایمان لانے والوں کو وہ راہ دکھاتی ہیں جس سے ایمان قوی ہوتا ہے اور رحمانیت اور رحیمیت الٰہی ان کے شامل حال ہو جاتی ہے۔ جس سے وہ ایمان سے عرفان کے درجہ تک پہنچتے ہیں اور پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں مواقع النجوم کی قسم کھاتا ہوں اور یہ بڑی قسم ہے اگر تمہیں علم ہو۔ اور قسم اس بات پر ہے کہ یہ قرآن عظیم الشان کتاب ہے اور اس کی تعلیمات سنت اللہ کے مخالف نہیں۔ بلکہ اس کی تمام تعلیمات کتاب مکنون یعنی صحیفہ فطرت میں لکھی ہوئی ہیں اور اس کے دقائق کو وہی لوگ معلوم کرتے ہیں جو پاک کئے گئے ہیں (اس جگہ اللہ جلشانہ نے مواقع النجوم کی قسم کھا کر اس طرف اشارہ کیا کہ جیسے ستارے نہایت بلندی کی وجہ سے نقطوں کی طرح نظر آتے ہیں مگر وہ اصل میں نقطوں کی طرح نہیں بلکہ بہت بڑے ہیں ایسا ہی قرآن کریم اپنی نہایت بلندی اور علو شان کی وجہ سے کم نظروں کے آنکھوں سے مخفی ہے اور جن کی غبار دور ہو جاوے وہ ان کو دیکھتے ہیں اور اس آیت میں اللہ جلشانہٗ نے قرآن کریم کے دقائق عالیہ کی طرف بھی اشارہ فرمایا ہے جو خدا تعالیٰ کے خاص بندوں سے مخصوص ہیں جن کو خدا تعالیٰ اپنے ہاتھ سے پاک کرتا ہے اور یہ اعتراض نہیں ہو سکتا کہ اگر علم قرآن مخصوص بندوں سے خاص کیا گیا ہے تو دوسروں سے نافرمانی کی حالت میں کیونکر مواخذہ ہوگا کیونکہ قرآن کریم کی وہ تعلیم جو مدار ایمان ہے وہ عام فہم ہے جس کو ایک کافر بھی سمجھ سکتا ہے اور ایسی نہیں ہے کہ کسی پڑھنے والے سے مخفی رہ سکے اور اگر وہ عام فہم نہ ہوتی تو کارخانہ تبلیغ ناقص رہ جاتا۔ مگر حقائق معارف چونکہ مدار ایمان نہیں صرف زیادت عرفان کے موجب ہیں اس لئے صرف خواص کو اس کوچہ میں راہ دیا کیونکہ وہ دراصل مواہب اور روحانی نعمتیں ہیں جو ایمان کے بعد کامل الایمان لوگوں کو ملا کرتی ہیں۔) پھر بعد اس کے فرمایا کہ کلمات قرآن کے اس درخت کی مانند ہیں جس کی جڑھ ثابت ہو اور شاخیں اس کی آسمان میں ہوں۔ اور وہ ہمیشہ اپنے وقت پر اپنا پھل دیتا ہے یعنی انسان کی سلیم فطرت اس کو قبول کرتی ہے اور آسمان میں شاخوں کے ہونے سے یہ مراد ہے کہ بڑے بڑے معارف پر مشتمل ہے جو قانون قدرت کے موافق ہیں اور ہمیشہ پھل دینے سے یہ مراد ہے کہ دائمی طور پر روحانی تاثیرات اپنے اندر رکھتا ہے۔

(کرامات الصادقین، روحانی خزائن جلد7ص 52)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی ثناء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2011ء کیلئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 16 جولائی 2011ء ہے۔ داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ بھجوائیں۔

1۔ نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر، برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی

2۔ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی

3۔ درخواست پر صدر صاحب / امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت:۔

الف ۔ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2011ء تک اس کی عمر بارہ سال سے زائد نہ ہو۔

ب۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

ج۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

د۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق ودلچسپی ضروری ہے۔

تمام درخواستیں نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو/ٹیسٹ 25,24 جولائی 2011ء صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ 20 جولائی 2011ء کو نظارت تعلیم اور مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔

کامیاب امیدواران کی لسٹ 27/جولائی کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

ممبران مجلس مشاورت پاکستان 2011ء کے نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دلگداز پیغام

آپ جن پریشانیوں اور تکلیفوں کا سامنا کرتے ہیں وہ ہر وقت مجھے متفکر رکھتی ہیں

ہر جمعہ کا دن جب تک آپ کی طرف سے خیر کی خبر نہ آجائے بے چین گزرتا ہے

اس دکھ کے دور کرنے کا ہمارے پاس ایک ہی حل ہے کہ صدقات اور دعاؤں سے خدا کی مدد مانگیں

مکرم ناظر صاحب اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ ربوہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جماعت احمدیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ سال 2011ء انشاء اللہ تعالیٰ 25 مارچ سے شروع ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے اسے بابرکت فرمائے۔ تجاویز پر رائے دینے والوں اور مشورہ دینے والوں کے ذہنوں کو اللہ تعالیٰ جلا بخشے۔ تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنی آراء پیش کرنے والے ہوں۔ ان دنوں میں خاص طور پر دعاؤں اور صدقات پر بھی بہت زور دیں۔ **پاکستان کی جماعتیں ملکی اور جماعتی حالات کی وجہ سے جن پریشانیوں اور تکلیفوں کا سامنا کر رہی ہیں وہ ہر وقت مجھے متفکر رکھتی ہیں۔** یہ حالات جن میں سے آپ لوگ گزر رہے ہیں ہر وقت فکر میں ڈالے رکھتے ہیں اور 28 مئی 2010ء کے واقعہ کے بعد جس میں جماعت نے ایک بہت بڑی اجتماعی قربانی اور وفا کی تاریخ رقم کی اس نے تو ان فکروں کو اور بھی بڑھا دیا ہے۔ **ہر جمعہ کا دن جب تک آپ کی طرف سے خیر کی خبر نہ آجائے بے چین گزرتا ہے۔ اس بے چینی کو دور کرنے کا ہمارے پاس اس کے سوا کوئی حل نہیں کہ دعا اور صدقات سے اللہ تعالیٰ کی مدد مانگیں۔** جس کے لئے میں کوشش کرتا ہوں اور اللہ سے بھیک مانگتا ہوں کہ اگر میری دعاؤں میں کوئی کمی رہ گئی ہے تو صرف نظر فرما اور میرے پیاروں کو اپنی پناہ میں لے لے۔ اس عافیت کے حصار میں لے لے جس تک کوئی دشمن نہ پہنچ سکے۔ دشمن کا ہر مکر ان پر الٹا دے اور یہی میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ بحیثیت ممبر شوریٰ اور عہدیدار آپ کا فرض دوسروں سے بڑھ کر ہے کہ دعاؤں پر زور دیں کہ ہماری کامیابی کا مدار دعاؤں پر ہے۔ خالص ہو کر خدا تعالیٰ کے آگے جھکیں، اسی سے مانگیں۔ ایک پیار کرنے والے ماں باپ کی طرح افراد جماعت کے ہمدرد بن جائیں۔ ان میں یہ احساس پہلے سے بڑھ کر پیدا ہو جائے کہ عہدیدار ہمارے ہمدرد، ہماری بھلائی چاہنے والے اور ہم سے پیار کرنے والے ہیں۔ افراد جماعت میں یہ احساس پیدا کر دیں کہ جماعت ایک بنیان مرصوص ہے جس کو بڑے سے بڑا طاقتور دشمن بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا اور عہدیداران اور ممبران شوریٰ اس کا اہم حصہ ہیں۔ آپ کے عبادتوں کے نمونے بھی دوسروں سے بڑھ کر ہوں اور آپ کے اخلاق کے نمونے بھی دوسروں سے بڑھ کر ہوں۔ ہر معاملے میں آپ کا کردار ایک امتیازی نشان کا نمونہ دکھانے والا ہو۔ اجتماعی شہادتوں کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت نے جس طرح اخلاص و وفا اور ثبات قدمی کا نمونہ دکھایا ہے اور مستقل مزاجی کے ساتھ (بیوت الذکر) اور جماعتی مراکز کی حفاظت کا جس طرح انتظام سنبھالا ہے اس پر بے اختیار اپنے پیار کرنے والے خدا کی تسبیح اور تحمید کے جذبات دل میں پیدا ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان عملی نمونوں میں مزید نکھار پیدا کرتا چلا جائے۔ تقویٰ میں بڑھتے چلے جائیں۔ عبادتوں میں طاق ہوتے چلے جائیں۔ یہی وہ عمل ہے جو ہم میں اور دوسروں میں امتیاز پیدا کرتا ہے اور یہی تبدیلی ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے غلبہ کی ضمانت ہے۔ جیسا کہ میں پہلے بھی کئی مرتبہ کہہ چکا ہوں اب پھر آپ کو یاددہانی کرواتا ہوں کہ حضرت مسیح موعود کے اس حسن ظن کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی زندگیاں گزارنے کی کوشش کریں۔

آپ فرماتے ہیں کہ:۔

”جماعت نے اخلاص اور محبت میں بڑی نمایاں ترقی کی ہے۔ بعض اوقات جماعت کا اخلاص، محبت اور جوش ایمان دیکھ کر خود ہمیں تعجب اور حیرت ہوتی ہے اور یہاں تک کہ دشمن بھی تعجب میں ہیں“۔

یہ حالات جو آجکل پاکستان میں گزر رہے ہیں۔ انہوں نے عموماً اخلاص و وفا اور عبادتوں کے معیار کو بہت اونچا کیا ہے۔ باہر کے ملکوں سے پاکستان جانے والے آکر مجھے بتاتے ہیں کہ گزشتہ سال جو (بیوت الذکر) کی حاضری تھی اس میں اس سال نمایاں اضافہ نظر آیا ہے۔ اخلاص اور جذبے میں نمایاں فرق محسوس ہوتا ہے۔ میری بھی جب متاثرین یا شہداء کے خاندانوں سے بات ہوتی ہے تو ایک عزم، ایک استقلال، ایک جذبہ ان کی آوازوں میں سنتا ہوں۔ عورتیں، بچے، نوجوان اور بوڑھے جب مجھے اپنے اخلاص و وفا کے اظہار کے ساتھ تسلی دلاتے ہیں تو اس وقت میں بڑی مشکل سے اپنے جذبات پر قابو پاتا ہوں۔ اسی طرح افراد جماعت کے جو خطوط مجھے ملتے ہیں ان میں بھی یہی جذبہ کار فرما ہے۔ تب حضرت مسیح موعود کے ان الفاظ کا صحیح ادراک حاصل ہوتا ہے کہ ”اخلاص، محبت اور جوش ایمان دیکھ کر خود ہمیں تعجب اور حیرت ہوتی ہے“۔ اللہ کرے یہ جوش ایمان ہمیشہ بڑھتا چلا جائے۔ مخالفین اور معاندین جماعت اسی کوشش میں ہیں کہ احمدیوں کے اس جوش ایمان کو مستقل ایک خوف و ہراس کا ماحول پیدا کر کے ختم کر دیں۔ لیکن نہیں جانتے کہ ان کے حملے اور حربے سب رائیگاں جائیں گے۔

آج دنیائے احمدیت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت وسعت اختیار کر چکی ہے اور ایک جسم کی مانند ہے۔ ایک کی تکلیف دوسرے کی تکلیف بن جاتی ہے۔ یہ ایک ایسا انقلاب ہے جو حضرت مسیح موعود نے پیدا کیا۔ جس کی مثال دنیا میں کہیں اور نہیں مل سکتی۔ میں ان جذبات کو پڑھ کر حیران ہوتا ہوں کہ کس طرح دور دراز کے رہنے والے احمدی جو مختلف قوموں سے تعلق رکھنے والے ہیں۔ آپ کی تکلیف پر بے چین ہوتے ہیں۔ بعض خطوط تو آنکھوں کو نم کر جاتے ہیں۔

پس اے مسیح پاک کے پیارو! یہ نہ سمجھو کہ تم اکیلے ہو بلکہ ایک دنیا کی دعائیں تمہارے ساتھ ہیں۔ آج اگر قربانیوں کے لئے تمہیں خدا تعالیٰ نے چنا ہے تو انعامات کے بھی تم ہی مورد بننے والے ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کو سب سے زیادہ پورا کرنے والا ہے اور اسی نے مسیح پاک سے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ”میں تیرے ساتھ اور تیرے تمام پیاروں کے ساتھ ہوں“۔ پس ہمیشہ حضرت مسیح موعود کے پیاروں میں شامل رہنے کی کوشش کرتے رہیں اور یہ پیغام پاکستان کے ہر احمدی تک پہنچا دیں کہ خدا ہمارے ساتھ ہے۔ اصل انعامات تو اخروی زندگی کے انعامات ہیں۔ اگر ہم تقویٰ پر چلتے رہے اور مستقل مزاجی سے اپنے عہد وفا کو نبھاتے رہے تو اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہم پر پیار کی نظر رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہم پر اپنے پیار کی نظر ڈالتا رہے۔ ہر آن ہمارے ساتھ ہو۔ ہمیں عہد وفا نبھانے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ دشمنوں کے شر ان پر الٹائے۔ گو دشمن کے منصوبے بڑے خطرناک ہیں۔ لیکن اللہ خیر الماکرین ہے۔ پس دوبارہ میں یاددہانی کرواتا ہوں کہ ان دنوں میں بھی اپنی زبانوں کو دعاؤں سے تر رکھیں اور بعد میں دعاؤں اور صدقات کی طرف توجہ رکھیں۔ اللہ آپ کو توفیق دے۔ اللہ آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی طرف سے میری آنکھیں ہمیشہ ٹھنڈی رکھے۔ یہ دوریاں یہ فاصلے جلد دور فرمائے۔ ہماری رونقیں ہمارے جلسے جلد دوبارہ پہلے کی طرح منعقد ہوں۔ آمین

والسلام خاکسار

24-3-11

خلیفۃ المسیح الخامس

جماعت احمدیہ پاکستان کی 92ویں مجلس مشاورت 25،26 مارچ 2011ء

نوجوان نسل میں نمازوں کی ادائیگی میں بہتری پیدا کرنے کے لئے صائب مشورے

اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ جماعت ہائے احمدیہ پاکستان کی 92 ویں مجلس مشاورت مورخہ 25 اور 26 مارچ 2011ء کو لجنہ ہال ربوہ میں منعقد ہوئی۔ خالص دینی، جماعتی اور تقویٰ کے ماحول میں منعقد ہونے والی اس مجلس مشاورت میں پاکستان بھر کی جماعتوں اور اضلاع سے منتخب نمائندگان، مرکزی دفاتر کے نمائندوں اور لجنہ اماء اللہ کی منتخب ممبرات نے بھرپور شرکت کی۔ اعلیٰ جماعتی روایات اور نظام کو قائم رکھتے ہوئے اس پُر وقار مجلس میں تجاویز اور صائب مشورے دیئے گئے اور اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا گیا۔

امسال بجٹ کے علاوہ ایجنڈے میں ایک تجویز شامل تھی جس کا تعلق نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ سے تھا۔ یہ تجویز لجنہ اماء اللہ مقامی ربوہ نے بتوسط لجنہ اماء اللہ پاکستان بھجوائی تھی۔ اس کا متن یہ ہے۔

تجویز:

نوجوان نسل میں بالعموم، خصوصاً نوجوان لڑکوں میں نمازوں کی ادائیگی میں سستی نظر آ رہی ہے اس کمزوری کے سدباب کے لئے مؤثر تربیتی پروگرام بنایا جائے۔

پہلا دن، 25 مارچ

افتتاحی اجلاس

92 ویں مجلس مشاورت کا افتتاحی اجلاس مورخہ 25 مارچ 2011ء بروز جمعۃ المبارک لجنہ ہال ربوہ میں سہ پہر تین بجکر پینتالیس منٹ پر شروع ہوا۔ مکرم سیکرٹری صاحب مجلس مشاورت نے سٹیج پر آ کر کہا کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں مجلس شوریٰ پاکستان کی صدارت کے لئے صدر مقرر فرمانے کی درخواست کی جاتی ہے، حضور انور کا ارشاد موصول ہوا ہے کہ صدر، صدر انجمن احمدیہ پاکستان صدارت کریں گے۔ چنانچہ امسال مجلس مشاورت کی صدارت کے فرائض حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد مبارک پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ جو ناظر اعلیٰ و امیر مقامی بھی ہیں نے سرانجام دیئے۔

کارروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد مقامی نے کی۔ تلاوت کے بعد صدر صاحب مجلس مشاورت نے افتتاحی دعا کرائی اور فرمایا کہ خاکسار نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں درخواست کی تھی کہ حضور مجلس مشاورت 2011ء کے لئے اپنا پیغام مرحمت فرماویں تو یہ ممبران مجلس مشاورت کے لئے سعادت کا موجب ہوگا۔ حضور انور نے خاکسار کی درخواست کو منظور کرتے ہوئے پیغام مرحمت فرمایا ہے۔ صدر صاحب مجلس مشاورت نے حضور انور کا بصیرت افروز پیغام پڑھ کر سنایا۔ (اس پیغام کا مکمل متن شامل اشاعت ہے)

محترم صدر صاحب مجلس مشاورت نے اپنی معاونت کے لئے محترم شیخ مظفر احمد ظفر صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع فیصل آباد کو سٹیج پر آنے کی دعوت دی۔ انہوں نے حضور انور کی منظوری سے بننے والی بجٹ کمیٹی کے 35 ممبران کے نام پڑھ کر سنائے۔ یہ کمیٹی صدر انجمن احمدیہ پاکستان، تحریک جدید انجمن احمدیہ اور وقف جدید انجمن احمدیہ کے بجٹ پر غور کرتی ہے۔ اس کمیٹی کے صدر مکرم شیخ کریم الدین صاحب امیر جماعت احمدیہ بہاولنگر، سیکرٹری اول مکرم سید خالد احمد شاہ صاحب ناظر مال خرچ اور سیکرٹری دوم مکرم صاحبزادہ مرزا فضل احمد صاحب وکیل المال ثانی تحریک جدید تھے۔

ایجنڈے میں موجود تجویز مکرم شیخ مظفر احمد صاحب نے پڑھ کر سنائی، ممبران شوریٰ کو نام پیش کرنے کی دعوت دی گئی اور 40 ممبران پر مشتمل اس تجویز پر غور کرنے اور سفارشات مرتب کرنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل پا گئی۔ مکرم شیخ صاحب موصوف نے اس کمیٹی کے ممبران کے نام پڑھ کر سنائے۔ صدر صاحب مجلس مشاورت کی منظوری سے اس کمیٹی کے صدر مکرم ڈاکٹر شاہ محمد صاحب کوٹلی آزاد کشمیر اور سیکرٹری مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ بنے۔ بجٹ کمیٹی کے سیکرٹری اول مکرم سید خالد احمد شاہ صاحب اور تجویز کمیٹی کے صدر مکرم ڈاکٹر شاہ محمد صاحب نے اپنی اپنی کمیٹی کے نام پڑھے اور اجلاسات کے پروگرام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد افتتاحی اجلاس کا اختتام ہوا۔

دوسرا دن، 26 مارچ

پہلا اجلاس

مورخہ 26 مارچ بروز ہفتہ دوسرے دن کا پہلا اجلاس صبح دس بجے شروع ہوا۔ تلاوت قرآن کریم مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے کی۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب صدر مجلس مشاورت نے دعا کرائی۔ محترم صدر صاحب مجلس نے اپنی معاونت کے لئے مکرم نواب مودود احمد خان صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع کراچی کو سٹیج پر آنے کی دعوت دی۔ بعدۂ مجلس مشاورت 2010ء کے فیصلہ جات کی رپورٹس پیش کی گئیں۔

گزشتہ سال اصلاح وارشاد سے متعلق پہلی دو تجاویز کے لئے ایک سب کمیٹی بنائی گئی تھی۔ پہلی تجویز انٹرنیٹ، موبائل اور جدید ایجادات کے ذریعہ جو معاشرے میں خرابیاں پیدا ہو رہی ہیں ان کے سدباب کے لئے لائحہ عمل بنانے سے متعلق تھی۔ اسی طرح دوسری تجویز گھروں اور نجی مجالس میں نظام جماعت، جماعتی اداروں اور عہدیداران پر عام گفتگو میں اعتراضات کے رجحان کے قلع قمع کے لئے کوشش پر مبنی تھی۔ سب کمیٹی نے بحث و تمحیص کے بعد جو سفارشات مرتب کی تھیں مجلس شوریٰ کے اتفاق رائے سے ان کو حضور انور کی خدمت میں بھجوایا گیا پہلی تجویز کی سفارشات کے بارے میں حضور انور نے فرمایا ماشاء اللہ تجاویز تو بہت اچھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ان پر عمل کرنے اور کرانے کی توفیق عطا فرمائے۔ مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے پہلی تجویز کی سفارشات پڑھ کر سنائیں اور تعمیل فیصلہ جات کی رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے سال بھر میں ہونے والے ان منظور سفارشات کی تعمیل پر مشتمل امور تفصیل سے بیان کئے۔ کتب، فولڈرز، کتابچے ہزاروں کی تعداد میں اور اخبارات و رسائل میں مضامین شائع کرائے گئے، مختلف تنظیموں اور مربیان سلسلہ کی کارکردگی کی رپورٹس کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا گیا۔

گزشتہ سال کی تجویز نمبر 3 رشتہ ناطہ کے شعبہ کو زیادہ فعال اور مؤثر بنانے کی ضرورت پر مشتمل تھی۔ سب کمیٹی نے اس تجویز کے متعلق جو سفارشات مرتب کی تھیں مجلس شوریٰ نے ان کی سفارش کی تھی۔ ان کو منظور کرتے ہوئے حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ان پر عملدرآمد کی توفیق عطا فرمائے۔

نظارت رشتہ ناطہ کی طرف سے مرتب کردہ رپورٹ مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نے پڑھ کر سنائی۔ جس میں سال بھر میں نظارت رشتہ ناطہ کی طرف سے ہونے والی کارروائی اور کارکردگی کی تفصیلات بیان کی گئی تھیں۔

گزشتہ سال نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کی طرف سے تجویز نمبر 2 گھروں اور نجی مجالس میں نظام جماعت، جماعتی اداروں اور عہدیداران پر اعتراض کے رنگ میں ارادۃً عام گفتگو کے رجحان کے قلع قمع کے لئے کوشش اور لائحہ عمل ترتیب دینے پر مشتمل تھی۔ مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے حضور انور کی طرف سے منظوری کے بعد سفارشات کی تعمیل میں ہونے والے کاموں کی تفصیل بیان کی۔

مکرم صاحبزادہ مرزا عبدالصمد احمد صاحب سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ نے نظام وصیت میں شمولیت کی تلقین اور اس بارے میں رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے بتایا 2004ء میں حضور انور نے احباب جماعت کو نظام وصیت میں شمولیت کی تحریک فرمائی تھی۔ رپورٹس کے مطابق پاکستان اپنا پورا ہدف حاصل نہیں کر سکا۔ انہوں نے ٹارگٹ کے حوالے سے جماعتوں کی پوزیشنز کا گوشوارہ پیش کیا۔

مکرم سیکرٹری صاحب مجلس مشاورت نے وہ تجاویز ایوان کے سامنے رکھیں جو حضور انور کے ارشاد پر شوریٰ کے ایجنڈے میں شامل نہیں کی گئیں۔

حضور انور کے ارشاد کے مطابق بے روزگاری کے سدباب کے حوالے سے مکرم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے گزشتہ تین سال کی رپورٹ پیش کی جس میں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دس سال میں دو دفعہ بے روزگاری دور کرنے کے حوالے سے مشاورت میں تجاویز آ چکی ہیں، ان کی منظور شدہ سفارشات پر عملدرآمد جاری ہے انہوں نے بتایا خلفاء سلسلہ کے ارشادات بابت تجارت اور کاروبار وغیرہ پر مشتمل کتاب "تلقین عمل" اڑھائی ہزار کی تعداد میں شائع کی گئی۔ اخبارات و

رسائل میں مضامین، ملازمت اور کورسز کے سلسلہ میں روزنامہ الفضل میں اعلانات شائع ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ تین سال میں الفضل میں 29 مضامین اور 717 اعلانات شائع ہو چکے ہیں۔

نظارت کا ماہانہ رپورٹس، فون اور ای میل وغیرہ کے ذریعہ سیکرٹریان کے ساتھ رابطہ ہے۔ حضور انور کی منظوری کے ساتھ مرکزی مشاورتی بورڈ برائے صنعت و تجارت قائم کیا گیا ہے جس کے باقاعدہ اجلاسات ہر تین ماہ بعد منعقد ہوتے ہیں اس بورڈ میں پاکستان بھر کے احمدی ماہرین فن شامل ہیں۔ نظارت نے ان تین سالوں میں براہ راست 216 نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا۔ احمدیہ بزنس ایسوسی ایشن کا قیام گزشتہ سال حضور انور کی منظوری سے ہوا۔ رجسٹریشن کا کام جاری ہے۔ بزنس ویب سائیٹ تین سال پہلے بنالی گئی ہے اس میں 1200 احمدی ممبران رجسٹرڈ ہیں۔ مختلف اضلاع میں ملازمت کے حصول کے حوالے سے رپورٹس پیش کی گئیں۔ تنظیموں کے تحت اس حوالے سے ہونے والے کاموں کی تفصیل بیان کی۔ گزشتہ تین سال میں مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت چلنے والے ادارہ دارالصناعہ میں سات ٹریڈز میں 290 خدام تربیت حاصل کر چکے ہیں۔

امسال مجلس مشاورت کے ایجنڈے پر موجود واحد تجویز نوجوان نسل میں نمازوں کی ادائیگی میں سستی اور کمزوری کے سدباب کے لئے موثر تربیتی پروگرام بنائے جانے پر مشتمل تھی۔ کمیٹی کے صدر مکرم ڈاکٹر شاہ محمد صاحب نے سٹیج پر آ کر یہ تجویز اور اس سے متعلق سفارشات پڑھ کر سنائیں۔ ممبران شوریٰ نے ان سفارشات پر اظہار خیال اور مشوروں کے لئے اپنے نام لکھوائے۔ مکرم نواب مودود احمد خان صاحب نے صدر مجلس مشاورت کی منظوری سے ان احباب کی لسٹ ایوان کے سامنے رکھی۔ صدر صاحب مجلس کی طرف سے چند اعلانات کے بعد یہ اجلاس ختم ہوا۔

دوسرا اجلاس

دوسرے دن کے دوسرے اجلاس کی کارروائی سہ پہر چار بجے دعا کے ساتھ شروع ہوئی۔ جو صدر مجلس محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے کرائی۔ صدر صاحب مجلس نے اپنی معاونت کے لئے مکرم ملک طاہر احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع لاہور کو سٹیج پر بلایا۔ انہوں نے اعلان کرتے ہوئے کہا امسال تجویز نماز کے قیام کے حوالے سے ہے، میں یہ تجویز پڑھ کر سنا دیتا ہوں، چنانچہ انہوں نے یہ تجویز پڑھی اور کہا جو ممبران اپنی رائے کے اظہار کے لئے سٹیج پر آئیں اختصار کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کریں اور جو بات پہلے بیان ہو چکی ہو اور اس کو نہ دوہرائیں۔ ممبران نے ایک ایک کر کے سٹیج پر آ کر اپنے خیالات کا اظہار کیا جس میں نماز کی اہمیت، فرضیت، افادیت اور ضرورت پر مشتمل باتیں اور نماز قائم کرنے کے حوالے سے اپنے تجربات، مشاہدات اور مشوروں سے ایوان کو نوازا۔ چھ بجے تک ممبران اپنی آراء پیش کرتے رہے۔ بعدہٗ محترم صدر مجلس نے وضاحت کرتے ہوئے فرمایا سفارشات مرتب کرنا اوران پر اظہار خیال کرنا کافی نہیں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان سفارشات پر عمل بھی کیا جائے۔ یہ کام مسلسل کوشش کو چاہتا ہے۔ لگاتار تگ و دو کو چاہتا ہے، یہ تو ساری عمر کے لئے ہے اس کو ہمیں ساری زندگی جاری رکھنا پڑے گا۔ صدر صاحب مجلس نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے ایک حالیہ خط میں پردہ کے حوالے سے ایک اہم ارشاد پڑھ کر سنایا۔

تقریب تقسیم انعامات

بعد ازاں مجلس انصاراللہ پاکستان، مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان اور مجلس اطفال الاحمدیہ پاکستان کی سالانہ کارکردگی کی بنیاد پر تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی۔ مکرم امین الرحمان صاحب نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے سٹیج پر آ کر پوزیشنز حاصل کرنے والے قائدین اور ناظمین کو بلایا۔

صدر مجلس نے مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے سال 10-2009ء میں مقابلہ بین المجالس، بین الاضلاع اور بین العلاقہ میں پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو خلافت جوبلی علم انعامی شیلڈز اور سند امتیاز تقسیم کیں۔ (خدام واطفال میں پوزیشنز حاصل کرنے والوں کی لسٹ روزنامہ الفضل مورخہ 25 فروری 2011ء میں شائع ہو چکی ہے)

صدر صاحب مجلس مشاورت نے مجلس انصاراللہ پاکستان کے سال 2010ء میں پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار میں انعامات تقسیم فرمائے۔ مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب نائب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان نے نام پڑھ کر سنائے۔ صدر مجلس نے مقابلہ حسن کارکردگی بین المجالس، بین الاضلاع اور بین العلاقہ میں پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو علم انعامی، شیلڈز اور اسناد تقسیم فرمائیں۔ (انصار میں پوزیشنز حاصل کرنے والوں کی لسٹ روزنامہ الفضل مورخہ 7 مارچ 2011ء میں شائع ہو چکی ہے)

اسی طرح مجلس انصاراللہ پاکستان کے زیر اہتمام مقابلہ مقالہ نویسی میں انصاراللہ، خدام الاحمدیہ، اطفال الاحمدیہ، ناصرات الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ میں اول دوم اور سوم پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان نے سٹیج پر بلایا اور صدر مجلس نے ان میں انعامات تقسیم کئے۔ (مقالہ جات میں پوزیشنز حاصل کرنے والوں کی لسٹ روزنامہ الفضل مورخہ 18 مارچ 2011ء میں شائع ہو چکی ہے۔)

تقسیم انعامات کے بعد شام پونے سات بجے دعا کے ساتھ اس مجلس مشاورت کا اختتام ہوا جو صدر مجلس محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے کرائی۔

انتظامات

امسال بھی مجلس شوریٰ کے لئے حسب سابق انتظامات کئے گئے تھے۔ پاکستان بھر کے مختلف اضلاع سے تشریف لانے والے معزز ممبران کی رہائش دارالضیافت مع نو تعمیر شدہ عمارت دارالضیافت، سرائے محبت (گیسٹ ہاؤس صدر انجمن احمدیہ) اور سرائے ناصر گیسٹ ہاؤسز مجلس انصاراللہ پاکستان میں تھی۔ جہاں پر مکرم ملک منور احمد صاحب جاوید ناظر ضیافت کی زیر نگرانی ایک ٹیم مہمانوں کی خدمت میں ہمہ وقت موجود رہی مجلس مشاورت کے جملہ انتظامات مکرم سیکرٹری صاحب مجلس مشاورت نے اپنے عملہ کے ہمراہ کامیابی سے سرانجام دیئے۔ لوپ انڈکشن سسٹم کے تحت تمام ممبران نے کارروائی سے بسہولت استفادہ کیا۔

اللہ تعالیٰ اس مجلس شوریٰ کے نیک اور بابرکت نتائج ظاہر فرمائے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تمام خواہشات، توقعات اور ارشادات پورے ہوں۔ ہر فرد جماعت حضور انور کے لئے قرۃ العین بن جائے۔ اللہ تعالیٰ مجلس مشاورت کے جملہ منتظمین اور خدمت کرنے والوں کو جزائے خیر سے نوازے۔ آمین

مکرم ملک منیر احمد صاحب جاپان

یک روزہ شوریٰ مجلس انصاراللہ جاپان

(منعقدہ 5 دسمبر 2010ء بمقام ناگویا جاپان)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ جاپان کی پانچویں مجلس مشاورت مورخہ 5 دسمبر 2010ء کو ناگویا احمدیہ سنٹر کے قریب ایک ہال میں منعقد کی گئی۔

مجلس شوریٰ کا آغاز صبح ٹھیک ساڑھے دس بجے تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ پروگرام کے پہلے اجلاس کی صدارت مکرم انیس احمد صاحب ندیم نیشنل صدر و مربی انچارج جاپان نے کی۔ اس کے بعد سیکرٹری شوریٰ خاکسار ملک منیر احمد نے سابقہ رپورٹ شوریٰ پیش کی اور شوریٰ کے قواعد و ضوابط پڑھ کر سنائے۔ صدر اجلاس نے شوریٰ کی غرض و غایت اور اس کے آداب پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مکرم مبشر احمد زاہد صاحب صدر مجلس انصاراللہ جاپان نے اجلاس کی صدارت کی اور تین سب کمیٹیوں کا تقرر کیا۔ سب کمیٹیوں کے صدران کو اپنی رپورٹس پیش کرنے کی اجازت دی۔ اس کے بعد کھانے اور نماز ظہر و عصر کے لئے وقفہ ہوا۔

دوسرے اجلاس کی کارروائی دوپہر دو بجے تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی۔

ایجنڈا مجلس شوریٰ

تجویز نمبر 1

مجلس انصاراللہ کوشش کرے کہ ہر ناصر پنجوقتہ نماز کا قیام کرے اور نماز باجماعت اور نماز تہجد کی طرف بھی توجہ کرے۔

تجویز نمبر 2

مجلس انصاراللہ جاپان نے ایک ہزار قرآن کریم تقسیم کرنے کا وعدہ کیا ہوا تھا۔ اس وقت تک 421 قرآن کریم تقسیم ہو چکے ہیں۔ مجلس شوریٰ اس کے لئے مناسب لائحہ عمل مرتب کرے۔

تجویز نمبر 3

دعوت الی اللہ کے لئے جو پروگرام گزشتہ سال تیار کیا گیا تھا اسے مزید بہتر طریقہ سے رائج کر کے سارے جاپان میں احمدیت کا تعارف کرایا جائے اور مجلس اس کام کے لئے مزید مشورہ کر کے اس لائحہ عمل پر عمل درآمد کرے۔

تجویز نمبر 4

بجٹ آمد و خرچ

اس سال علیحدہ مجلس شوریٰ بہت ہی سکون اور اطمینان سے ہوئی جس پر تمام ممبران شوریٰ نے خوشی کا اظہار کیا۔

اس کے بعد صدر مجلس انصاراللہ نے دعا کروائی اور یک روزہ شوریٰ کی کارروائی اختتام پذیر ہوئی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مجلس انصاراللہ جاپان کو ترقی عطا فرمائے اور مجلس جاپان میں دعوت الی اللہ کے میدان میں صف اول میں رہے۔ آمین

مکرم اطہر حفیظ فراز صاحب

جلسہ سالانہ قادیان 2010ء کے ساتھ وابستہ کچھ یادیں

جوں جوں دسمبر 2010ء کی 21 تاریخ قریب آ رہی تھی۔ دل میں ایک عجیب سا سونامی برپا ہو رہا تھا اور مسلسل یہ خیال بے تاب کئے جا رہا تھا کہ کب وہ گھڑی آئے گی جب ہم اس زمین میں داخل ہوں گے جس زمین پر مسیحا کی آمد ہوئی اور مسیحا کے قدموں نے اس زمین کو سرزمین کی حیثیت بخش دی۔ کب ہم ان گلیوں میں چلیں گے جن گلیوں میں آپ کے عشاق دیوانہ وار آپ کی زیارت کے لئے ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپا کرتے تھے اور آپ کے در و دیوار کو یقیناً اور یقیناً اس نگاہ سے دیکھتے تھے کہ ابھی یہاں سے وہ چاند جلوہ گر ہوگا جو اپنے سورج سے منور ہو کر مکمل انعکاس کے ساتھ اپنے سورج کے پرتو کو دنیا بھر میں پھیلانے کا عزم کیے ہوئے ہے۔

قادیان کی بستی میں ہم پہلی بار 21 دسمبر 2010ء کو داخل ہو رہے تھے اور جب ہم نے اپنے سفر کا آغاز کرنا تھا۔ اس رات نیند نے بھی جرأت نہ کی ہم سو سکیں۔ کیونکہ 10 ماہ قبل دل نے تہیہ سفر کر لیا تھا اور اب جبکہ سفر کا وقت آن پہنچا تھا اور سفر بھی ایک مقدس بستی کی طرف، تو نیند کی بھلا کیا جرأت ہو سکتی تھی کہ غلبہ کر سکے۔

بہرحال اپنے محلّہ نصیر آباد رحمٰن سے علی الصبح 4.45 پر خاکسار، والدین اور اہلیہ دیگر شاملین سفر کے ساتھ دفتر صدر عمومی پہنچا تو وہاں پر موجود خدام نے کمال جوانمردی کے ساتھ ہمارے سامان کو ہماری بسوں پر رکھا اور چائے وغیرہ کے ساتھ تواضع کی اور جب بس روانہ ہوئی جب ہم موٹروے سے اترے تو لاہور جماعت کی طرف سے ایک کارواہگہ بارڈر تک ساتھ ہو گئی۔ بارڈر پر جماعت احمدیہ لاہور کے زیر اہتمام پُرتکلف ناشتے کا انتظام تھا اور وہاں پر بھی خدام نے کمال ہمت کے ساتھ ہمارے سامان کو بسوں سے اتار کر ہمارے حوالے کیا۔ ناشتے کے بعد ہم نے بارڈر کراس کرنا تھا اور امیگریشن اور کسٹم کی ضروری کارروائی کے بعد جب ہم انڈیا میں داخل ہوئے تو یہ دیکھ کر کہ ننھے منے معصوم اطفال جو قادیان سے یہاں پر ہماری راہنمائی کے لئے اور بعض ضروری کاغذات کی تکمیل کے لئے پہنچے ہوئے ہیں۔ دل حمد کے گیت گانے لگ گیا کہ کیسی پیاری جماعت ہے اور کیسے پیارے وجود خدا تعالیٰ نے مسیحا کو ماننے کی برکت سے عطا کر رکھے ہیں۔

بہرحال انڈیا کے بارڈر پر قادیان جماعت کی طرف سے چائے کا انتظام تھا اور قادیان کے خدام نے اولوالعزمی کے ساتھ تمام مسافروں کا سامان بسوں کی چھتوں پر رکھا۔ اب جبکہ وہ گھڑی اپنی مکمل رفتار کے ساتھ ہماری طرف بڑھ رہی تھی اور ہمارے دلوں کو گرما رہی تھی وہ گھڑی نہایت قریب آ پہنچی تھی۔ جب ہم امرتسر اور بٹالہ سے گزر رہے تھے تو دل مسلسل اس سوچ میں رہا کہ ان شہروں میں خدائے بزرگ و برتر نے بے شمار نشان دکھائے ہیں اور مخالفین کو ذلیل و رسوا کیا ہے۔

جونہی ہماری نظر اس منارۂ بیضا پر پڑی جس سے پھوٹنے والی نور کی شعاعوں نے آج دنیا کے 198 ممالک میں ایک کہکشاں پیدا کر دی ہے اور جس منارہ کی بنیاد اس غرض سے رکھی گئی کہ یہ نشان عظمت و شوکت دین ہے۔ بے اختیار ہماری آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے اور ہمارے ہاتھ بغیر کسی ارادہ کے، دعا کے لئے اٹھ گئے اور کچھ ہی لمحوں میں ہم مقدس بستی قادیان میں داخل ہوئے۔ یونہی ہماری بس جلسہ گاہ کے قریب پہنچی تو نعرۂ ہائے تکبیر کی بلند و بالا آواز نے قادیان کے گلی کوچوں میں رس گھول دیئے اور مرحبا اور خوش آمدید کے نعروں نے ہمارے دلوں میں بھی ایک ایسی بازگشت پیدا کر دی کہ آج بھی اسی طرح سے دل کی دیواروں کے ساتھ ٹکرا دیتی ہے اور اخوت اور بھائی چارے کی ایسی فضا نے مزید دلوں کو مائل کر دیا کہ خدا کی حمد و ثناء میں اور آگے بڑھ جائیں۔

قادیان کی بستی میں ہمارے یہ شب و روز یقیناً کسی مفلس کی پونجی سے کم نہیں تھے۔ ایسی جمع پونجی جس کو مفلس بار بار گنتا ہے اسی طرح آج بھی ہم قادیان میں گزارے ہوئے ایک ایک لمحے کو یاد کر کے اپنے ایمانوں کو تازہ کرتے ہیں۔ دیگر زائرین اگرچہ سائیکل رکشہ استعمال کر لیتے تھے لیکن ہم نے ایک لمحہ کے لئے بھی سائیکل رکشہ استعمال نہ کیا کیونکہ ہم چاہتے تھے پیدل چل کر ان گلیوں اور کوچوں میں اپنے قدموں پر ناز کریں جن گلیوں اور کوچوں کو مسیح پاک کے قدموں نے نازاں کئے رکھا تھا۔

پہلے دو دن بیت المبارک میں نمازیں ادا کرنے کا موقع ملتا رہا۔ پھر یہ بیت خواتین کے لئے مختص ہو گئی تو اگلے تمام دن بیت اقصیٰ میں نمازیں اور تہجد باجماعت ادا کرنے کا موقع ملتا رہا۔ ہمارا قیام احاطہ بیت اقصیٰ کے اندر موجود نصرت گرلز ہائی سکول میں تھا جو ہمارے لئے مزید آسانی اور برکت کا موجب تھا۔

دارالمسیح کی زیارت، بیت الدعا کا انہماک، بیت الفکر کی دید نے روح میں ایک عجیب وجد کی کیفیت برپا کئے رکھی تھی۔ قادیان کے سٹیشن کو بھی دو بار پیدل جا کر دیکھنے کا موقع نصیب ہوا۔ الہام الٰہی ''وسع مکانک'' کے تحت بننے والی جماعتی عمارات اور دفاتر کو بھی دیکھنے کا موقع ملا۔ سرائے طاہر، بیت فضل، بیت دارالفتوح، بیت نور، بیت انوار کی زیارت کا بھی موقع ملا۔ لیکن سب سے بڑھ کر بہشتی مقبرہ اور قطعہ خاص کا ذکر ہے جہاں پر سیدنا حضرت مسیح موعود کا مزار مبارک ہے۔ آپ کے مزار پر پہنچ کر جب یہ خیال آتا تھا کہ اس زمانے میں دین حق کی سربلندی کے لئے قلم اور دوات کو استعمال کر کے ضعف کے باوجود دین حق کے دفاع اور مخالفین پر اتمام حجت کے لئے آپ نے جو معرکۃ الآراء کتب تحریر فرمائی ہیں اور مباحثے فرمائے اور ایسے مباحثے جنہوں نے پادریوں کو ہندوستان سے لے کر امریکہ اور انگلستان تک شکست دی اور کئی مولویوں اور پنڈتوں کو لاجواب کر دیا اور زلزلہ بن کر تمام ادیان کو زیر کر کے دین حق کا بول بالا کیا۔ وہ وجود کتنا عظیم الشان وجود تھا جس کے لئے خدا تعالیٰ نے ایسے تائیدی نشان ظاہر فرمائے تو بے اختیار دل سے اس پاک وجود کے لئے دعائیں نکلتی تھیں۔

پھر مقام ظہور قدرت ثانیہ ہے جہاں سے اٹھنے والے نظام یعنی نظام خلافت نے آج تمام دنیا کی بھلائی کا بیڑا اٹھا رکھا ہے اور تمام دنیا کو تباہی کے گھڑھے سے بچانے کے لئے خلفاء احمدیت ہمیشہ سے برسرپیکار رہے ہیں۔

پھر جلسہ کے دن 26، 27، 28 دسمبر یقیناً میرے لئے یادگار دن تھے کیونکہ یہ میرے شعور کا وہ پہلا جلسہ تھا جس میں میں براہ راست شامل ہوا اور اس سے قبل 1983ء کے جلسہ کی دھندلی سی یاد دل میں باقی ہے کیونکہ اس وقت میری عمر صرف 5 سال تھی۔ بہرحال اس جلسہ میں مقررین کی تقاریر اور نظموں نے دیر تک رہنے والے اثرات چھوڑ دیئے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ کا اختتامی خطاب جلسہ گاہ میں بڑی سکرین پر دیکھا جبکہ خطبات جمعہ بیت اقصیٰ میں بڑی سکرین پر دیکھے اور سنے۔

29 دسمبر کی خنک شام میں شہدائے احمدیت کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے سرائے طاہر میں ایک محفل مشاعرہ برپا ہوئی۔ جس میں خاکسار کو بھی شمولیت اور اپنے شہید بھائیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع ملا۔

ہماری ایک خوش نصیبی یہ بھی ہے کہ 2010ء کا اختتام اور 2011ء کا آغاز مسیحا کی بستی میں ہوا۔

یکم جنوری 2011ء کو ہماری واپسی ہونا تھی اور دل تو نہیں چاہ رہا تھا کہ اس مقدس بستی کو چھوڑیں اور اس روح پرور ماحول سے نکلیں۔ بہرحال دل کو سمجھا بجھا کر قائل کیا اور اس عہد اور عزم صمیم کے ساتھ قادیان سے ربوہ یعنی مرکز سے مرکز کی طرف روانہ ہوئے کہ اگر زندگی اور سانسوں نے ساتھ دیا تو ضرور دوبارہ بھی اس مقدس بستی کا رخ کریں گے اور اپنے دلوں کو تسکین پہنچانے کے بھرپور سامان کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مرسلہ: محمد انصر صاحب ترجمہ ابن حسین

ایک سیارہ جہاں زندگی کے پائے جانے کا امکان ہے

آجکل ان سائنسدانوں میں جو آسمانوں میں کسی سیارے پہ زندگی کے امکان کا کھوج لگاتے رہے ہیں ایک جوش و خروش پایا جاتا ہے۔ اگر سیارے اپنے ستارے سے بہت دور ہوں تو وہ زندگی کے نمو کے لئے بہت تاریک اور سرد ہوتے ہیں۔ اور اگر کوئی سیارہ کسی ستارے سے بہت قریب ہو تو وہاں درجہ حرارت اتنا زیادہ ہوگا کہ پانی مائع صورت میں نہیں پایا جا سکتا۔ ہماری گلیکسی میں اربوں ارب ستارے ہیں، اگر ان میں سے چند ایک بھی اپنے ساتھ قابل آباد سیارے رکھتے ہوں تو بھی اربوں سیارے ایسے ہو سکتے ہیں جن میں سے بہت سوں پہ پانی و زندگی کا امکان ہو سکتا ہے۔ اس لئے کائنات میں ایک ایسا ''قابل آبادی علاقہ (habitual zone)'' ہے جو پانی کے مائع صورت میں پائے جانے کے لئے مناسب فاصلے پہ ہے۔ اور خلاباز کئی دہائیوں سے ایسے قابل آبادی سیاروں کی تلاش کرتے رہے ہیں۔ بالآخر انہیں ایک ایسا سیارہ مل گیا ہے۔

یہ دریافت سٹیون واگٹ (Steven Vagt)، یونیورسٹی آف کیلی فورنیا سانتا کروز اور پال بٹلر (Paul Btler)، کارنیج انسٹیٹیوٹ آف واشنگٹن ڈی۔ سی نے کی۔ انہوں نے ہوائی میں 10 matre Keck 1 ٹیلی سکوپ استعمال کر کے ایک ستارے کی (wobbles) کی جانچ کاری کی، اور اس کی لرزش (wobbles) سے اس کے اردگرد سیارے دریافت کئے۔ یہ سیارہ ہم سے 20 سال نوری فاصلے پہ ہے۔ اس کی سطح زمین کی طرح چٹانی (rocky) ہے۔ اور یہ زمین سے 4 گنا بڑا ہے۔ اسے گولڈی لاکس سیارہ (Goldilocks planet) کا نام دیا گیا ہے اسے اپنے سورج کے گرد چکر لگانے میں 37 دن لگتے ہیں۔ اس کا ستارہ /سورج اتنا روشن اور گرم نہیں جتنا ہمارا سورج، اور یہ ہمارے سورج کے مقابل صرف ایک فیصد زندگی پیدا کرتا ہے۔ سو اس نظام شمسی کا قابل آبادی حصہ (اپنے سورج سے) اس سے کہیں زیادہ قریب ہے۔

ا۔ق۔صبا

پیارے اباجی مکرم ماسٹر فضل الرحمٰن بسمل صاحب

بی اے بی ٹی وسابق امیر جماعت احمدیہ بھیرہ کا ذکر خیر

خاکسار کے دادا جان، جنہیں ہم اباجی کہا کرتے تھے، کو ہم سے جدا ہوئے ایک لمبا عرصہ گزر چکا ہے، مگر ان کی یاد بہت آتی ہے اور دل کو ایک تسلی اور سکون بھی ہوتا ہے کہ خدا نے اپنے بے انتہا فضل و کرم سے انھی بزرگوں کی قربانیوں اور دُعاؤں کی بدولت ہمیں جماعت احمدیہ میں شامل فرمایا ہے۔

ماسٹر فضل الرحمٰن بسمل صاحب 1909ء میں بھیرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ اللہ کے فضل سے پیدائشی احمدی تھے، آپ کے والد محترم حاجی عبدالرحمٰن بھی بھیرہ کے رہنے والے تھے، اُنھوں نے اپنے والد بزرگوار میاں اللہ دین کی طرح قادیان جا کر حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر 1898ء میں بیعت کرنے کی سعادت حاصل کی اور پھر دونوں باپ بیٹا بھیرہ واپس تشریف لے آئے۔

اباجی کو بطور امیر جماعت بھیرہ 1968ء تا 1974ء کے عرصہ میں خدمت کی توفیق ملی۔ اس وقت جماعت پر بہت سخت مخالفت کے حالات تھے۔ اباجی بھیرہ کی جماعت کو ہمت، حوصلہ، صبر اور دعاؤں کی تلقین کرتے رہے اور خود بھی اس پر عمل کرتے رہے۔ آپ نے ان سخت حالات کا مقابلہ نہایت جرأت اور جواں مردی سے کیا مگر جماعت پر آنچ نہ آنے دی۔ آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے قدم قدم پر راہنمائی لیتے اور حکمت عملی سے جماعتی کام سرانجام دیتے رہے۔

خاکسار کے والد صاحب مکرم محمود مجیب اصغر صاحب بتاتے ہیں کہ چونکہ اباجی بھیرہ کے گورنمنٹ سکول میں ہیڈ ماسٹر تھے اور ساتھ میں امیر جماعت بھی تاہم غیر از جماعت لوگوں کو بہت ناگوار گزرتا اور اسی شدید مخالفت کی وجہ سے اباجی کا گھر بھی جلا دیا اور مال و اسباب لوٹ کر آپ کو اتنا مارا کہ آپ لہولہان ہو گئے، پھر خلیفہ وقت کے ارشاد پر بھیرہ سے ربوہ ہجرت کر آئے۔

والد صاحب بتاتے ہیں کہ جب ربوہ آئے تھے تو اُن کے پاس کوئی سامان اور گھر بار نہ تھا۔ مگر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور خلیفۂ وقت کی دُعاؤں کے نتیجے میں اللہ نے بہت سے اسباب بنا دیے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے از راہ شفقت جامعہ احمدیہ میں بطور معلم ملازمت بھی دلوادی۔

آپ خلیفۂ وقت کی ہر تحریک پر عمل کرنے والوں میں اولین میں سے ہوتے، دادی جان مرحومہ بتایا کرتی تھیں کہ جوانی میں انھیں حقّہ پینے کی عادت تھی۔ ایک بار حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر کہ تمباکو نوشی وغیرہ سے پرہیز کریں، آپ نے فوری طور پہ حقّہ توڑ دیا اور اس دن سے لے کر آخری دم تک اسے ہاتھ تک نہ لگایا۔ آپ بتاتی تھیں کہ شروع میں نہ پینے کی وجہ سے شدید تکلیف اور درد برداشت کرتے مگر خلیفۂ وقت کی نافرمانی نہ کی۔

خاکسار چونکہ بچپن میں انھی کے زیر تربیت رہی تاہم اب بھی اُن کے اعلیٰ اخلاق اور نیک، دینی ماحول کا نظارہ آنکھوں کے آگے گھومتا ہے۔ رات کے کسی بھی پہر آنکھ کھلتی تو اباجی کو تہجد کی نماز پڑھتے اور اپنے رب کے حضور گڑگڑاتے ہی پایا، فجر کی نماز کے لئے تمام گھر والوں کو جگاتے اور سب سے پہلے بیت پہنچ جاتے، اسی طرح جمعہ کے روز پہلے پہر ہی تیاری شروع کر دیتے، نہا دھو کر صاف ستھرا لباس پہن کر اپنے بچوں کے ہمراہ بیت چلے جاتے۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ آپ نے جمعہ سے رخصت کی ہو، آخری عمر میں جب کمزور ہو گئے تھے تو گھر کی عورتوں اور بچوں کو اکٹھا کر کے باقاعدہ خطبہ جمعہ دیتے اور نماز پڑھاتے۔

اباجی ایک بلند پایہ کے شاعر بھی تھے اور جماعتی مشاعروں میں ضرور شرکت کرتے اور اپنا کلام سناتے۔ آپ کو علم سے بہت محبت تھی اور ہر وقت پڑھتے اور لکھتے رہتے تھے، آپ کے پلنگ کے چاروں طرف کتابیں بڑی ترتیب سے پڑی ہوتیں۔

آپ نے اپنی تمام زندگی نہایت سادگی، انکساری، صبر و استقامت اور خدمت دین میں گزاری۔ تمام عمر اپنی اولاد اور اُن کی اولاد کو بھی خدا سے محبت اور جماعت کی خدمت کا سبق دیا۔ آپ کی وفات 10 جنوری 1993ء کو ربوہ میں ہوئی اور بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئے۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمارے اباجی کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور اُن کے درجات بلند تر فرمائے اور اُن کی اولادوں کو ہمیشہ اُن کے نقش قدم پہ چلتے ہوئے جماعت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔ آمین

❁❁❁❁❁

مکرم محمد فہیم ملک صاحب ایڈووکیٹ

برادرم ملک محمد نعیم صاحب ایڈووکیٹ ساہیوال کا ذکر خیر

اس عاجز کے چھوٹے بھائی ملک محمد نعیم ایڈووکیٹ ساہیوال ابن ملک محمد مستقیم ایڈووکیٹ ساہیوال مورخہ 26 فروری 2008ء کو اچانک صبح دس بجے جب ساہیوال اپنے گھر سے ناشتہ کرنے کے بعد کچہری جانے والے تھے کہ دل کا دورہ پڑنے سے وفات پا گئے۔ آپ حضرت ڈاکٹر محمد ابراہیم جنہوں نے 1904ء میں حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر قادیان میں بیعت کی تھی۔ بیت مبارک میں بیعت کے وقت چونکہ مرد وہاں زیادہ تھے جگہ تنگ تھی آپ نے حضور کے ہاتھ میں ہاتھ دیا ہوا تھا۔ حضور نے باقی احباب کو فرمایا کہ ”ایک دوسرے کے کندھوں پر ہاتھ رکھ لو بیعت ہو جاوے گی ایک وقت آنے والا ہے کہ پگڑیاں پکڑ کر بیعت ہوا کرے گی“۔

(رجسٹر روایات نمبر 5 صفحہ 146 تا 145)

مدفون بہشتی مقبرہ قطعہ نمبر 4 ربوہ کے پوتے اور حضرت میاں نظام الدین ولد کریم بخش مدفون بہشتی مقبرہ قطعہ نمبر 8 قادیان کے پڑپوتے تھے۔ تمام بہن بھائیوں میں ان کا نمبر 4 اور بھائیوں میں نمبر 2 تھا۔ مرحوم کا سن پیدائش 1942ء ہے۔ پاکستان ہندوستان بننے سے قبل جب والد صاحب امرتسر میں بطور انسپکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن تعینات تھے اور ایک دن جب وہ تمام اہل خانہ کے ہمراہ نماز مغرب ادا کر رہے تھے اور بھائی کی عمر چند ماہ تھی ان کو گھر میں جو کہ ایم اے او کالج امرتسر کے (بالکل) سامنے تیسری منزل پر تھا باہر کی طرف جس طرف سڑک تھی اور جنگلا لگا ہوا تھا۔ بٹھایا ہوا تھا کہ اچانک یہ اس جنگلے سے نکل کر نیچے سڑک پر گر پڑا۔ اتنی بلندی سے گرنے کے بعد بچنے کا کوئی امکان نہ تھا مگر جس کو خداوند کریم زندگی دے اسے کوئی چھین نہیں سکتا اس وقت سڑک پر سے ایک تانگہ گزر رہا تھا اور تانگوں کی چھت عموماً کپڑے کی بنی ہوئی ہوتی ہے یہ اس پر گرے اور وہاں سے سڑک پر۔ جب والد صاحب نے نماز ختم کی تو لوگ اسے سڑک سے اٹھا کر گھر لا رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت معجزانہ طور پر بچا لیا۔

پارٹیشن سے قبل والد صاحب قادیان مع فیملی آ گئے۔ گھر بنایا کیونکہ وہیں مستقل رہائش کا خیال تھا۔ مگر جب قادیان کو ہندوستان میں شامل کرنے کا فیصلہ ہوا تو ہم سب ساہیوال جس کا اس وقت نام منٹگمری تھا آ گئے۔ بھائی نے بی ایس سی تک تعلیم ساہیوال سے حاصل کی اور اس کے بعد والد صاحب کی خواہش پر ایل ایل۔ بی لاء کالج یونیورسٹی آف پنجاب لاہور سے کرنے کے بعد والد صاحب کے ہمراہ ساہیوال میں قانون کی پریکٹس شروع کی۔ آپ نے اپنی تمام عمر والد، والدہ صاحبہ کے ساتھ ساہیوال میں گزاری۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے والدین کی تمام عمر خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ والد صاحب 1998ء میں بیمار ہوئے اس کے بعد پریکٹس چھوڑ دی۔ خاکسار کو بھی اس وقت ان کے پاس رہنے کا موقع ملا۔ ہم دونوں بھائی والد صاحب جن کی وفات 22 مئی 2000ء کو ہوئی اکٹھے والد صاحب کے پاس رہے اور ان کی خدمت کی توفیق پائی۔ برادرم محمد نعیم ایڈووکیٹ کو اللہ تعالیٰ نے بعد از وفات والد صاحب کے پہلو میں احمدیہ قبرستان ساہیوال میں جگہ دی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحومین کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور ہم سب کا جو پیچھے رہ گئے ہیں حافظ و ناصر ہو اور ہمارا انجام بخیر ہو۔ آمین

برادرم نہایت سادہ طبیعت کے مالک تھے۔ کار ہونے کے باوجود سائیکل پر کچہری اور شہر ساہیوال میں گھومتے تھے۔ غریب پرور تھے۔ بہت سے غریب لوگوں کی باقاعدہ مدد کرتے تھے احمدی غیر احمدی کا فرق نہ رکھتے تھے۔ بعض دوستوں کے بچوں کی تعلیم کا خرچہ برداشت کرتے تھے۔ جب کوئی ادھار مانگتا اس کو حسب توفیق رقم دیتے اور اسے کہتے یہ مدد ہے قرضہ نہیں ہے۔ واپس کرنے کی ضرورت نہ ہے۔ عمر کے آخری چند سالوں میں وکالت چھوڑ رکھی تھی۔ چھ ماہ امریکہ میں اپنے بچوں کے پاس اور چھ ماہ ساہیوال میں گزارتے تھے۔ وفات کے وقت بھی امریکہ چند روز میں جانے کا ارادہ تھا۔ مرحوم نے لواحقین میں عائشہ نعیم بیوہ طلال ملک، فیصل ملک رہائش امریکہ، تیمور ملک رہائش ایڈنبرا سکاٹ لینڈ، خاکسار، چار بہنیں چھوڑی ہیں۔ تمام بیٹے ماشاء اللہ شادی شدہ نیک صالح فرمانبردار اور اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔

آخر میں احباب سے درخواست دعا ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور تمام لواحقین کا حافظ و ناصر ہو اور انجام بخیر فرمائے۔ ہمیشہ خلافت احمدیہ سے وابستہ رکھے۔ خدمت دین کی توفیق دے۔ ہم سب اس کے کمزور، عاجز گنہگار بندے ہیں۔

☆☆☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 105701 میں ملیحہ محمود

بنت محمود احمد چوہدری قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-23 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ملیحہ محمود گواہ شد نمبر1 محمود احمد چوہدری وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر2 اطہر احمد محمود وصیت نمبر 63763

مسل نمبر 105702 میں محمد طلحہ

ولد محمد اکرم قوم جٹ پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔محمد طلحہ گواہ شد نمبر1 رضوان احمد وصیت نمبر 46297 گواہ شد نمبر2 محمود احمد چوہدری وصیت نمبر 26750

مسل نمبر 105703 میں حاجرہ بیگم

زوجہ محمد یوسف جنجوعہ مرحوم قوم جنجوعہ پیشہ خانہ داری عمر 67 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-07-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی ایک تولہ اندازاً مالیت (2) نقد رقم مبلغ-/20,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔حاجرہ بیگم گواہ شد نمبر 1 مدثر احمد وصیت نمبر 40720 گواہ شد نمبر2 بشارت احمد منہاس

مسل نمبر 105704 میں شعیب احمد

ولد حاجی احمد قوم سہرانی بلوچ پیشہ ملازمت عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جوہر ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-01-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/9000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔شعیب احمد گواہ شد نمبر1 احسن خاں منگلا ولد احمد خاں منگلا گواہ شد نمبر2 خواجہ منصور احمد ولد خواجہ محمد یاسین مرحوم

مسل نمبر 105705 میں راشد احمد ربانی

ولد رشید احمد انجم قوم انصاری پیشہ ملازمت عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مکہ کالونی گلبرگ III لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/10,000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔راشد احمد ربانی گواہ شد نمبر1 محمد احسان احمد ولد محمد ادریس گواہ شد نمبر2 وحید احمد خان ولد حمید احمد خان

مسل نمبر 105706 میں فیضانہ نعیم

بنت محمد نعیم قوم کھوکھر پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باٹا پور لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-30 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔فیضانہ نعیم گواہ شد نمبر1 محمد یٰسین ولد عنایت اللہ گواہ شد نمبر2 محمد امین ولد عنایت اللہ

مسل نمبر 105707 فریدہ نعیم

زوجہ محمد نعیم قوم جنجوعہ پیشہ خانہ داری عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باٹا پور لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-30 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ-/15000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔فریدہ نعیم گواہ شد نمبر1 محمد یٰسین ولد عنایت اللہ گواہ شد نمبر2 محمد امین ولد عنایت اللہ

مسل نمبر 105708 میں راحیل احمد

ولد محمد نعیم قوم کھوکھر پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باٹا پور لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-11-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔راحیل احمد گواہ شد نمبر1 محمد یٰسین ولد عنایت اللہ گواہ شد نمبر2 محمد امین ولد عنایت اللہ

مسل نمبر 105709 میں عثمان سلیم

ولد سلیم اقبال قوم صدیقی پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت 1997ء ساکن دھیرووالی ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 09-08-14 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔عثمان سلیم گواہ شد نمبر1 مرزا فرحان احمد بیگ ولد مرزا محمد اکبر بیگ گواہ شد نمبر2 سلیم اقبال ولد رحمت اللہ

مسل نمبر 105710 میں شمائلہ مبشر

بنت مبشر احمد قوم رحمانی پیشہ طالبعلم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مدرسہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-19 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔شمائلہ مبشر گواہ شد نمبر 1 احمد سلام طاہر گوندل (مربی سلسلہ) گواہ شد نمبر2 مدثر احمد ولد مبشر احمد

مسل نمبر 105711 میں نسیم بیگم

زوجہ محمد شریف قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 68 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لنگیاں والی ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 09-08-22 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور، وزنی 10 تولہ اندازاً مالیت -/2,25,000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/10,000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔نسیم بیگم گواہ شد نمبر1 محمد شریف ولد نور محمد گواہ شد نمبر2 مرزا فرحان احمد بیگ ولد مرزا محمد اکبر بیگ

مسل نمبر 105712 میں فرحان یوسف

ولد محمد یوسف قوم آرائیں پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مدینہ کالونی ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-01-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔فرحان یوسف گواہ شد نمبر1 داؤد احمد شاکر وصیت نمبر 38305 گواہ شد نمبر2 ڈاکٹر عطاء الودود ولد عبدالمالک

مسل نمبر 105713 میں وقاص شوکت

ولد شوکت علی قوم بھٹی پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شوکت آباد ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-07-24 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔وقاص شوکت گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد وصیت نمبر 32076 گواہ شد نمبر2 سیف الرحمٰن ولد نور احمد

مسل نمبر 105714 میں حافظ خرم شہزاد

ولد ذوالفقار علی شاہد قوم مغل پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن پنڈ دادنخان ضلع جہلم بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-12-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/9 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان

